نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج اور گندم کی کاشت سے متعلق جاری مہم کا جائزہ لیا گیا

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج سے صوبہ میں زرعی ترقی اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔وزیر زراعت ولائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور،06جنوری2025: صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج اور زیادہ گندم اُگاؤ مہم سمیت دیگر اہم منصوبوں پر ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے

اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے حصول کیلئے اب تک 13 لاکھ 73 ہزار کاشتکار آن لائن اپنی درخواستیں جمع کرا چکے ہیں جبکہ 5 لاکھ سے زائد کسان کارڈز کے اجراء کی منظوری ہو چکی ہے اور ان میں سے 4 لاکھ 50 ہزار کسان کارڈز فیلڈ میں جا چکے ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلئے 53 ارب روپے کی منظوری ہو چکی ہے جس میں سے اب تک 32 ارب روپے کی خریداری کی جا چکی ہے۔کسان کارڈ کے ذریعے روزانہ 10 سے 12 کروڑ روپے کی خریداری کی جا چکی ہے۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ بینک آف پنجاب کے متعلقہ افسران کاشتکاروں سے رابطہ کریں اور کسان کارڈ کے متعلق کاشتکاروں کو اگر کسی قسم کے تکنیکی مسائل کا سامنا ہے تو اس کو فوری حل کی جائے۔اس کے علاوہ جو کارڈز فیلڈ میں پہنچ چکے ہیں اُن کو فوری کاشتکاروں تک پہنچانے کیلئے فوری رابطہ کیا جائے۔وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت 9500 قرعہ اندازی میں کامیاب کاشتکاروں میں سے 3973 کاشتکاروں کو گرین ٹریکٹرز صوبہ کے مختلف اضلاع میں فراہم کئے جا چکے ہیں۔مجموعی طور پر 9010 گرین ٹریکٹرز رواں ماہ کے دوران کاشتکاروں کو ڈلیور کر دیئے جائیں گے اور بقایا تمام ٹریکٹرز 31 مارچ 2025 تک کاشتکاروں کو ڈلیور کر دیئے جائیں گے۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ میں زرعی میکانائزیشن کے فروغ کیلئے پر عزم ہیں۔100 اور اس سے زائد ہارس پاور ہائی پاورز ٹریکٹرز اور جدید ہارویسٹرز کے فروغ کیلئے سروس پراوئیڈرز / پرائیویٹ سیکٹر کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ کاشتکاروں کو کرایہ پر جدید زرعی مشینری کی فراہمی میں آسانی پیدا ہو سکے۔اجلاس میں وزیر زراعت ولائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا گیا کہ وزیر اعلی پنجاب سولرائزیشن آف ٹیوب ویلز پروگرام کے تحت صوبہ بھر میں 8 ہزار بجلی و ڈیزل سے چلنے والے ٹیوب ویل کو سولر سسٹم پر منتقل کرنے کیلئے اب تک 5 لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہو چکی ہیں ان میں سے 60 ہزار سے زائد درخواست گزاروں کے ٹیوب ویلز ڈیزل جبکہ 4 لاکھ 41 ہزار سے زائد

درخواست گزاروں کے ٹیوب ویلز بجلی کے ذریعے آپریٹ ہو رہے ہیں۔ اس ضمن میں درخواست جمع کرانے کی آج آخری تاریخ ہے۔ اس کے لیے کوٹہ ضلعی سطح پر مقرر کیا گیا ہے اور متعلقہ اضلاع میں ضلعی انتظامیہ اور منتخب نمائندوں کی موجودگی میں اس کی قرعہ اندازی کی جائے گی۔ صوبائی وزیر زراعت کو مزید بتایا گیا کہ وزیر اعلی پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت فیز I کے دوران 1 ہزار سپر سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کیے جا چکے ہیں جن کے استعمال سے گزشتہ برس 1 لاکھ 10 ہزار ایکڑ رقبہ پر دھان کی باقیات کو کارآمد بنایا گیا۔ اس پروگرام کے تحت دوسرے فیز کے دوران اب تک سپر سیڈرز کے حصول کیلئے 2000 کاشتکاروں کو الاٹمنٹ لیٹرز جاری کر دیئے گئے ہیں جن میں سے 1608 کاشتکاروں نے اپنے حصہ کی رقم جمع کرا دی ہے۔ جولائی 2025 تک مزید 4000 سپر سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کر دیے جائیں گے تاکہ آئندہ دھان کی فصل کو آگ لگنے سے بچایا جا سکے۔ ساہیوال، سرگودھا، ملتان اور بہاولپور میں ایگری مالز کے قیام کے سلسلے میں کام تیزی سے جاری ہے اور اب تک ضلع ساہیوال میں 79 فیصد، سرگودھا میں 60 فیصد، ملتان میں 70 فیصد اور بہاولپور میں 62 فیصد عمارت کی تعمیراتی کام مکمل کیا جا چکا ہے۔ ایگری مالز کیلئے سول ورکس کا کام 30 جون 2025 تک مکمل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ٹماٹر کی آف سیزن کاشت کا ٹارگٹ مکمل کیا جا چکا ہے۔ صوبہ میں تیلدار اجناس کے فروغ کیلئے کینولہ کی فصل کو 1 لاکھ 71 ہزار ایکڑ پر کاشت کیا گیا ہے جبکہ سویابین کی بڑھوتری کیلئے 7 ہزار ایکڑ رقبہ زیرِ کاشت لایا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت کاشتکاروں کی راہنمائی کیلئے 422 ڈیمو پلاٹس لگائے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے زیادہ گندم اُگاؤ پروگرام کے تحت اب تک لیزر لینڈ لیولرز اور ٹریکٹرز کیلئے 28 ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کسان پیکج کی ٹائم لائنز پر من و عن عملدرآمد جاری ہے۔ صوبہ پنجاب میں گندم کی کاشت کا مرحلہ کامیابی سے پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے۔ صوبہ میں 1 کروڑ 62 لاکھ ایکڑ رقبہ سے زائد پر گندم کاشت کی جا چکی ہے۔ گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے جامع پلان پر عملدرآمد کیا گیا۔ اس سال گندم کی کاشت ایک چیلنجنگ ٹاسک تھا لیکن محکمہ زراعت پنجاب کی فیلڈ فارمیشنز نے متحرک کردار ادا کیا اور اس مہم کی کامیابی میں ڈویژنل و ڈسٹرکٹ انتظامیہ نے بھی بھرپور تعاون کیا۔

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، انجنیئر ساجد نصیر اور رانا تجمل سمیت دیگر افسران موجود تھے

☆☆☆☆